سوڈان: لیفٹیننٹ جنرل البشیر سے آرک بشپ یوگوسک کی ملاقات

اپسکوپل چرچ سوڈان کے ایک وفد نے 13 جون 1991ء کو آرک بشپ بنجمن یوگوسک کی قیادت میں لیفٹیننٹ جنرل البشیر سے ملاقات کی۔ ملاقات میں سوڈان میں حصولِ امن کی کوششوں پر گفتگو ہوئی اور امدادی سرگرمیوں کی صورت حال کا جائزہ لیا گیا۔ 17 جون کو بریگیڈیر پیو یکوان نے مسلم۔عیسائی مکالمہ کے لیے جاری کانفرنس کے ایک اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں مسیحی اور مسلم آبادی کے سرکردہ افراد پر مشتمل ایک کمیٹی تشکیل دینے کی تجویز پر غور کیا گیا جو امن، مذہبی بقائے باہمی، اتحاد، سلامتی اور ترقی کے امکانات کے لیے کام کرے گی۔ شرکاء نے مکالمے کا دائرہ وسیع کرنے کے لیے ذرائع ابلاغ کو کام میں لانے کی تجاویز پر بھی غور وخوص کیا۔ (رپورٹ: سوڈان نیوز)

کینیا: چرچ رہنماؤں کے بارے میں پولیس تحقیقات کرے۔ مسلم ادارے کا حکومت سے مطالبہ

کینیا کے مسلمانوں کی سپریم کونسل نے کینیا میں نیشنل کونسل آف چرچز کے رکن چرچوں پر زور دیا ہے کہ وہ اس ادارے سے الگ ہو جائیں۔ کیونکہ یہ ادارہ "ان کے مفادات کے لیے کام نہیں کر رہا۔" مسلمانوں کی سپریم کونسل نے حکومت سے بھی مطالبہ کیا کہ وہ نیشنل کونسل آف چرچز کی قیادت کی سرگرمیوں اور حرکات وسکنات کی تحقیقات کرے کیونکہ مبیّنہ طور پر یہ تنظیم عوام کو حکومت کے خلاف اکسانے میں مصروف ہے۔ یہ مطالبہ نیشنل کونسل آف چرچز کی طرف سے حال ہی میں شائع کردہ دستاویز A Kairos for kenya کے حوالے سے تھا۔ (رپورٹ: اکومنیکل پریس سروس)

الجزائر: عیسائیت —— شماریاتی تعارف

پہلی صدی عیسوی کے اواخر اور دوسری صدی کے اوائل میں الجزائر کے شمالی شہروں میں لاطینی زبان بولنے والے باشندوں میں عیسائیت پروان چڑھی اور علاقے میں ترتولین، سائپرین اور اگسٹائین آف ہیپو جیسے سرکردہ ماہرینِ دینیات پیدا ہوئے۔ تاہم بعد ازاں مذہبی